# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 17 November-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 17 /نومبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** **** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ مثالی ضابطہ اخلاق پرعمل درآمد سے متعلق مرکزی انتخابی کمیشن کی جانب سے بی جے پی اور کانگریس کو نوٹس۔

☆ ریاست میں اسمبلی انتخابات کی تشہیری مہم آخری مراحل میں۔ممبئی میں آج مہاوکاس آگھاڑی کا اختتامی تشہیری جلسہ۔

☆ انتخابات کے پیش نظر بی جے پی رہنما وزیراعظم نریندر مودی کی بی جے پی بوتھ کارکنوں سے گفت وشنید۔

☆ رائے دہندگان میں بیداری پیدا کرنے کی غرض سے سویپ مہم کے تحت مختلف پروگراموں کا انعقاد۔

اور۔۔☆ اس بار کا اننت بھالے راؤ ایوارڈ سبکدوش پولس افسر ڈاکٹر میرا بورونکر کو۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

اسمبلی انتخابات کی تشہیری مہم کے دوران مثالی ضابطہ اخلاق پرعمل درآمد سے متعلق مرکزی انتخابی کمیشن نے بی جے پی اور کانگریس کو نوٹسین جاری کیں ہیں۔ان دونوں جماعتوں کی جانب سے ایک دوسرے کے خلاف تشہیری مہم کے دوران ضابطہ اخلاق شکنی کی شکایات درج کئے جانے کے بعد کمیشن نے یہ نوٹیس جاری کیں۔کل پیر کی دوپہر ایک بجے سے قبل رات ان دونوں جماعتوں کو اپنا جواب جمع کروانے کا حکم کمیشن نے دیا ہے۔نوٹسوں میں کہا گیا ہے کہ لوک سبھا انتخابات کیلئے 22 مئی کو جاری کی گئی ہدایات پرعمل کرتے ہوئے دونوں جماعتوں کی تشہیر کرنے والے اہم رہنما،تہذیب وشائستگی کے اصولوں کا خیال رکھیں۔

************

ریاست میں اسمبلی انتخابی تشہیری مہم آخری مراحل میں داخل ہوچکی ہے۔اور امیدواروں نے اپنی مہم مزید تیز کردی ہے۔ممبئی میں آج مہاوکاس آگھاڑی کا اختتامی تشہیری جلسہ ہونے جارہا ہے۔اس جلسے میں شرد پوار،ادھوٹھاکرے اور نانا پٹولے سمیت آگھاڑی کے تمام اہم رہنما شرکت کریں گے۔دوسری جانب بی جے پی کی طرف سے مرکزی وزراء اور گجرات کے وزیراعلیٰ سمیت پارٹی کے اہم قائدین تشہیر کیلئے ممبئی پہنچ چکے ہیں۔بہوجن سماج پارٹی کی قومی سربراہ اور آندھراپردیش کی سابق وزیراعلیٰ مایاوتی بھی آج دوپہر پونا میں ایک تشہیری اجتماع سے خطاب کریں گی۔

***********

اسمبلی انتخابات کے حوالے سے بی جے پی رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی نے کل نمو ایپ کے ذریعے مہاراشٹر کے بی جے پی بوتھ کارکنوں سے بات چیت کی۔ ''میرا بوتھ سب سے مضبوط'' اس تصور کی بنیاد پر کی گئی اس بات چیت میں مودی نے اتحاد ظاہر کیا کہ مہایوتی کے کام کاج سے عوام مطمئن ہیں۔ بی جے پی ابتداء ہی سے متوسط طبقے کی ضروریات وخواہشات پر توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ملک کی معیشت میں متوسط طبقے کا سب سے بڑا حصہ ہے۔ اسی لئے اس طبقے پر قرض کے بوجھ کو کم کیا گیا ہے۔

***********

کانگریس رہنما پرینکا گاندھی نے مطالبہ کیا ہے کہ مرکزی حکومت کا ریزرویشن کی شرح 50 فیصد سے زائد کرے اور ذات کی بنیاد پر مردم شماری کروائی جائے۔ اہلیہ نگر ضلع کے شرڈی حلقہ انتخاب کے ساکوری میں وہ ایک انتخابی جلسے سے خطاب کر رہی تھیں۔ کانگریس قائد راہول گاندھی نے کل امراوتی ضلع کے دھامن گاؤں ریلوے میں ایک تشہیری اجتماع سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس نے ملک کی ترقی میں گرانقدر حصہ ڈالا ہے۔ اور کانگریس نے ہمیشہ سے ہی سب سے نچلے طبقے کا سب سے پہلے خیال رکھا ہے۔

***********

وزیر ریلوے اشوینی ویشنو نے تیقن دیا کہ آئندہ 5 برسوں میں ممبئی کے باشندوں کا ریلوے سفر کا تجربہ بڑے پیمانے پر خوش کن ہوگا۔ وہ کل ممبئی میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ تفریحی میدان میں نئی ٹیکنالوجی اور ہنر مند انسانی وسائل کو آگے بڑھانے کیلئے انڈین انسٹی ٹیوٹ آف کریٹیو ٹکنالوجی کے قیام کو مرکزی حکومت نے منظوری دیدی ہے۔ اشوینی ویشنو نے بتایا کہ اس خصوص میں پہلا ادارہ ممبئی میں شروع کیا جائیگا۔

***********

بی جے پی رہنما ستیہ پال سنگھ نے کہا ہے کہ مہاراشٹر میں سیاسی استحکام اور ریاست کی ترقی کیلئے مہایوتی ہی واحد متبادل ہے۔ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں ایک اطلاعی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ امن وانتظام اور سلامتی کے نکتہ نظر سے مہاراشٹر ایک بہتر ریاست ہے۔ اسی لئے یہاں سرمایہ کاری میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔

***********

ونچت بہوجن آگھاڑی کے سربراہ پرکاش امبیڈکر نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں تشہیری جلسے سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ اور اسمبلی میں پسماندہ طبقات اور مسلمانوں کے لئے ریزرویشن کو بچانے کا کام عوامی نمائندے ہی کرتے ہیں۔ اور ریزرویشن بچانے کیلئے ہی ونچت بہوجن آگھاڑی کے امیدوارون کو ووٹ دینے کی اپیل انہوں نے عوام سے کی۔

***********

جالنہ ضلع میں مہایوتی کے امیدوار سنتوش دانوے نے کل دیہی علاقے میں تشہیری ریلی کے ذریعے رائے دہندگان سے بات چیت کی۔ چھترپتی سمبھا جی نگر میں مہاوکاس آگھاڑی کے رہنما امباداس دانوے نے کل پیٹھن کے مہاوکاس آگھاڑی کے امیدوار دتہ گورڈے کی تشہیر کیلئے چنتے پمپل گاؤں میں ایک اجتماع میں شرکت کی۔ اورنگ آباد مغرب اسمبلی حلقے میں مہایوتی کے امیدوار سنجے شرساٹھ بھی رائے دہندگان سے راست رابطے کئے۔ بی جے پی رہنما بھاگوت کراڑ نے کل دھاراشیو میں اخباری نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ریاست کی ترقی کیلئے ضروری مستحکم حکومت صرف مہایوتی ہی بنا سکتی ہے۔

***********

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***********

سامعین: اسمبلی انتخابات کے حوالے سے پروگرام ''آڑھاوادھان سبھا متدار سنگھا چا'' روزآنہ شام ۷؍بج کر دس منٹ پر آکاشوانی سے نشرکیا جاتا ہے۔ جس میں مختلف اسمبلی حلقوں کا جائزہ پیش کیا جاتا ہے۔ اس ضمن میں آج سانگلی ضلع کے اسمبلی حلقوں کا تفصیلی جائزہ آپ سماعت کرسکیں گے۔

***********

اسمبلی انتخابات میں رائے دہی کے تناسب میں اضافے کیلئے ریاست کے کئی مقامات پر مختلف سوچ کے تحت منفرد انتخابی مراکز قائم کئے جارہے ہیں۔ اس میں حیاتیاتی مختلف النوع موضوعات، ثقافتی وسماجی ورثہ کا اظہار، نوزائدہ بچوں کی پرورش کرنے والی مائیں اور حاملہ خواتین کے لئے ہیرکنی پولنگ اسٹیشن، نوجوانوں، معذوروں اور خواتین کے زیرانصرام خصوصی پولنگ اسٹیشن قائم کئے جارہے ہیں۔ معذور رائے دہندوں کیلئے ریمپ، وہیل چیئر، پینے کے پانی اور بیت الخلاء بھی ان مراکز پر بنائے جارہے ہیں۔

***********

ریاست بھر میں سویپ پروگرام کے تحت رائے دہندگان میں بیداری کی سرگرمیاں چلائی جارہی ہیں۔ لاتور ضلع میں اس خصوص میں روایتی فنون کا جدید شکلوں میں استعمال کیا جارہا ہے۔ ضلع کے 121 اسکولوں میں طلباء کے ذریعے ایک لاکھ تین ہزار سے زائد سرپرستوں سے رابطہ کرکے رائے دہی کا ''مکتوب عزم'' بھروایا گیا۔ لاتور میں کل ڈسٹرکٹ اسپورٹس کامپلیکس سے واکتھون، میراتھان ریلی نکالی گئی۔ اس سے قبل نوجوان لڑکے اور لڑکیوں نے رائے دہی میں بیداری کا حلف لیا۔ تلجاپور میں 37 اسکولوں کے تین ہزار 700 طلباء اور 321 اساتذہ نے ایک بیداری ریلی نکالی۔ ہاتھوں میں بینر اٹھائے شہر کے مختلف علاقوں سے گذرتے ہوئے اس ریلی کے ذریعے عوام میں رائے دہی سے متعلق بیداری پیدا کی گئی۔

***********

سبکدوش پولس افسر ڈاکٹر میرا بورونکر کو اس بار کا اننت بھالے راؤ ایوارڈ دیا جائے گا۔ اننت بھالے راؤ ٹرسٹ کے سنجیو کلکرنی اور ہیمنت میر کھیلکر نے ناندیڑ میں یہ اعلان کیا۔ سپاسنامے اور شیلڈ کے علاوہ نقد پچاس ہزار روپئے پر مشتمل یہ ایوارڈ انہیں آئندہ 8 دسمبر کو چھترپتی سمبھا جی نگر کے مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کے یشونت راؤ چوہان ہال میں ہونے والے پروگرام میں تفویض کیا جائیگا۔

************

ریاست کے پوسٹل بیلٹ کا ریاستی رابطہ مرکز، چھترپتی سمبھا جی نگر میں قائم کیا گیا ہے۔ تمام 288 اسمبلی حلقہ جات کے ڈاک ووٹوں کیلئے بیلٹ پیپر یہاں سے تقسیم اور جمع کئے جا رہے ہیں۔ نوڈل افسر پرھودئے موڑے نے بتایا کہ تقریباً 22 ہزار سے زائد بیلٹ پیپر کی تقسیم اسی مرکز سے کی جا رہی ہے۔ ضلع کلکٹر اور ضلع انتخابی افسر دلیپ سوامی نے کل اس مرکز کا دورہ کر کے کام کاج کا جائزہ لیا۔

************

جالنہ ضلع میں 5 اسمبلی حلقوں میں سے ایک ایک 755 رائے دہی مراکز ہیں۔ ان مراکز پر معذوروں کو لانے لیجانے کیلئے وہیل چیئر دستیاب ہیں۔ تمام مراکز پر معذوروں کی رائے دہی میں مدد کرنے کیلئے دو خصوصی رضا کار تعینات کئے گئے ہیں۔

************

پربھنی ضلع کے پاتھری اسمبلی حلقے میں کل 531 رائے دہندگان نے اپنے گھر سے ووٹ ڈالے۔ جن میں 485 عمر رسیدہ افراد اور 46 معذور افراد شامل ہیں۔ عثمان آباد اسمبلی حلقے میں 447 عمر رسیدہ افراد 69 معذور افراد نے اپنے گھر سے رائے دہی کی۔

************

:::::: سرخیاں ::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ مثالی ضابطہ اخلاق پر عمل درآمد سے متعلق مرکزی انتخابی کمیشن کی جانب سے بی جے پی اور کانگریس کو نوٹس۔

☆ ریاست میں اسمبلی انتخابات کی تشہیری مہم آخری مراحل میں۔ ممبئی میں آج مہاوکاس آگھاڑی کا اختتامی تشہیری جلسہ۔

☆ انتخابات کے پیش نظر بی جے پی رہنما وزیر اعظم نریندر مودی کی بی جے پی بوتھ کارکنوں سے گفت وشنید۔

☆ رائے دہندگان میں بیداری پیدا کرنے کی غرض سے سویپ مہم کے تحت مختلف پروگراموں کا انعقاد۔

اور۔۔۔ ☆ اس بار کا اننت بھالے راؤ ایوارڈ سبکدوش پولس افسر ڈاکٹر میرا بورونکر کو۔

***** **** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** **** *****